SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

June 4, 2021

ایس ای سی پی میں کمپنی رجسٹریشن میں 107 فیصد اضافہ

اسلام آباد (جون 4) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں کمپنیوں کی کاروباری آسانیوں کی فراہمی، کمپنی رجسٹریشن کے تمام مراحل کی ڈیجٹلائزیشن کے نتیجے میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ مئی کے مہینے میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 100 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

مئی میں ایس ای سی پی میں کل 1,597 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جو کہ گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 107 فیصد زائد ہیں۔ نئی رجسٹریشن کے بعد پاکستان میں کل رجسٹر کمپنیوں کی تعداد ایک لاکھ ترتالیس ہزار چار سو سولہ (143,416) ہو گئی ہے۔ مئی کے مہینے میں 99 فیصد کمپنیوں نے آن لائن رجسٹریشن حاصل کی، جبکہ 36 فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن ایک ہی دن میں مکمل ہوئی۔ اس ماہ 175 افراد نے بیرون ملک نے آن لائن سہولت کے ذریعے کمپنیاں رجسٹر کروائیں۔

واضح رہے کہ ایس ای سی پی کے تمام ریگولیٹری مراحل کو ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے اور اب کمپنی کی رجسٹریشن آن لائن مکمل کی جا سکتی ہے جبکہ رجسٹریشن کا ڈیجیٹل سرٹیفیکیٹ آپ کی ای میل پر فراہم کر دیا جاتا ہے، جس کے ساتھ کمپنی کا نیشنل ٹیکس نمبر بھی موجود ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ایس ای سی پی کی ای سروسز کو سندھ اور پنجاب کے صوبائی محکموں کے ساتھ بھی منسلک کر دیا گیا ہے اور کمپنی رجسٹریشن کے وقت ہی صوبائی محکموں، جیسے کہ ریونیو بورڈ وغیرہ سے بھی رجسٹریشن حاصل کر سکتے ہیں۔

مئی میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 68 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹیڈ ہیں، جبکہ 28 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں شامل ہیں۔ دیگر 4 فیصد میں پبلک ان لیسٹڈ کمپنیاں، غیر منافع بخش ادارے، تجارتی کمپنیاں اور لمیٹڈ لائیبلیٹی پارٹنر شپ شامل ہیں۔ مئی میں سب سے زیادہ کمپنیاں تعمیرات کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد 252 رہی، جبکہ ٹریڈنگ کے شعبے میں 247 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 216، خدمات کے شعبے میں 149، ای کامرس میں 64، خوراک اور مشروبات میں 59، تعلیم میں 51، کارپوریٹ زرعی فارمنگ میں 50، مارکیٹ اینڈ ڈویلپمنٹ 39، ٹیکسٹائل میں 37، سیاحت میں 34، کیمکل 33، صحت عامہ کے شعبہ میں 31، انجینئرنگ میں 29، آٹو اینڈ الائیڈ 27، لاگنگ ____________________ 25، فارماسیوٹیکل

24، کان کنی اور کھدائی 21، براڈ کاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ، اور ایندھن اور توانائی، سب میں 19، کیبلز اور الیکٹرک سامان، کاغذ اور بورڈ ، اور ٹرانسپورٹ، سب میں 16، کاسمیٹکس اینڈ ٹوائلٹریز 14، بجلی کی پیداوار 12، مواصلات 11 جبکہ دیگر 67 کمپنیوں دوسرے مختلف شعبوں میں رجسٹر ہوئی۔ مئی میں 48 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ یہ سرمایہ کاری آذر بائیجان، چین، ڈنمارک، جرمنی، جنوبی کوریا، کویت، مالٹا، نیدرلینڈز، ناروے، روس، سنگاپور، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ اور امریکہ کے ممالک سے کی گئی۔

اس ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد 519 ہے، اس کے بعد لاہور میں 513 اور کراچی میں 250 نئی کمپنیوں نے رجسٹریشن حاصل کی۔ پشاور، ملتان، فیصل آباد، گلگت بلتستان، کوئٹہ اور سکھر میں سی آر اوز نے بالترتیب 116، 88، 62، 36، 11 اور 02 کمپنیوں کو رجسٹر کیا۔

ایس ای سی پی / ٹکرز:

کاروباری آسانیوں کی فراہمی، ایس ای سی پی میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 107 فیصد اضافہ

مئی میں ایس ای سی پی میں کل 1597 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

مئی کی رجسٹریشن گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 107 فیصد زائد ہیں: ایس ای سی پی۔

پاکستان میں کل رجسٹر کمپنیوں کی تعداد 143,416 ہو گئی ہے۔

مئی کے مہینے میں 99 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

مئی میں سب سے زیادہ کمپنیاں تعمیرات کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد 252 رہی: ایس ای سی پی

ٹریڈنگ کے شعبے میں 247، انفارمیشن ٹیکنالوجی میں 216، خدمات کے شعبے میں 149 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

مئی میں 48 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی: ایس ای سی پی

اسلام آباد میں 519، لاہور میں 513، کراچی میں 250 اور پشاور میں 116 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی